اکتوبر 2026

Urdu Ai

ماہانہ فیس کے بغیر، اپنا ڈاک خانہ

جادو DM گائیڈ

کمنٹ میں ایک لفظ — اِن باکس میں تحفہ

فیس بک · انسٹاگرام · بونس: واٹس ایپ

قیصر رونجھا

اردو اے آئی

+6,700 کمنٹس • +3,500 خودکار DM • صفر ماہانہ فیس

urduai.org

اصل اسکرین شاٹس کے ساتھ، قدم بہ قدم اردو میں

پہلی بات

دوستو، یہ جادو نہیں — ایک نظام ہے

آپ نے بہت سے کنٹینٹ کریئیٹرز کو یہ کہتے سنا ہوگا: "کمنٹ میں یہ لفظ لکھیں، لنک آپ کے اِن باکس میں آ جائے گا۔" اور لنک واقعی آ بھی جاتا ہے۔ بہت سے لوگ برسوں سے یہ کر رہے ہیں — بس انہوں نے آپ کو اور مجھے بتایا نہیں کہ یہ ہوتا کیسے ہے۔

یہی کام کرنے کے لیے ManyChat جیسی ایپس ہر مہینے فیس لیتی ہیں، اور رابطے بڑھنے کے ساتھ یہ فیس سو ڈالر ماہانہ تک جا پہنچتی ہے۔ وجہ سادہ ہے: جب ایک پوسٹ پر سینکڑوں دوست "لنک بھیجیں" لکھیں تو ہر ایک کو ہاتھ سے جواب دینا ممکن ہی نہیں رہتا۔

تو ہم نے سوچا: کیوں نہ اپنا بنایا جائے؟ ہم نے Meta کی اپنی آفیشل API پر، اپنی ایپ کے ساتھ، اپنا "ڈاک خانہ" بنا لیا — بغیر کسی ماہانہ فیس کے۔ اور پھر جو ہوا، وہ آپ کے سامنے ہے:

6,716 کمنٹس، 9 مہمات میں	**3,514** گائیڈز خود بخود اِن باکس میں	**1,330** لوگوں نے واٹس ایپ بوٹ کو لکھا

یہ اعداد 22 اکتوبر 2026 کو ہمارے DM Jadoo ڈیش بورڈ سے لیے گئے ہیں (صفحہ 27)۔ ہر شخص کو ایک ہی بار گائیڈ جاتی ہے، اس لیے دونوں اعداد برابر نہیں۔

یہ گائیڈ وہی پورا راستہ ہے — ہمارے اصل اسکرین شاٹس، ہماری غلطیاں، اور وہ اصول جو Meta کبھی نہیں بدلنے دیتا۔ فیس بک پیج، انسٹاگرام اکاؤنٹ، اور بونس میں واٹس ایپ۔ آپ اسے اپنے لیے بنا سکتے ہیں، یا کسی اور کاروبار کو بنا کر دے سکتے ہیں — یہ ایک ہنر بھی ہے اور روزگار بھی۔

ایک ایمانداری کی بات

فیس بک اور انسٹاگرام پر جواب مفت، واٹس ایپ پر ہر نمبر کے 1,000 جواب ماہانہ مفت۔ ہم نے نظام ہیٹا میوز میں چلایا؛ میوز نہ ہو تو Cloudflare کا مفت درجہ کافی ہے۔ ہر حد کا پورا حساب صفحہ 30 پر ہے۔

تو چلیے، اپنا ڈاک خانہ کھولتے ہیں۔

قیصر رونجھا
اردو اے آئی

فہرست

اس گائیڈ میں کیا ہے؟

1 سمجھ
ڈاک خانہ کیسے چلتا ہے، Meta کے پانچ سنہری اصول، خود بنائیں یا تیار ٹول 10

2 تیاری
مہم کارڈ: لفظ، تحفہ، پیغام اور عوامی جواب پہلے کاغذ پر 14

3 فیس بک
ایپ، پیج، چابی، گھنٹی اور کمنٹ سے اِن باکس تک 15

4 انسٹاگرام
دو API راستے، درست اجازتیں اور Requests فولڈر 21

5 جادو والا پیغام
پوسٹ کی دعوت، DM کی بناوٹ اور لفظ پہچاننے کا فن 23

6 رسید اور ڈیش بورڈ
کیا ناپیں، ناکامی کیسے پکڑیں، اور ریٹا میوز میں ہمارا اصل ڈیش بورڈ 26

7 بونس: واٹس ایپ
ایک لفظ بھیجیں، فوراً گائیڈ پائیں 28

8 مفت کی حدیں
Meta، Cloudflare اور واٹس ایپ کی ہر مفت حد — اور مفت رہنے کا طریقہ 30

9 ایجنٹ پرامپٹس
Claude Code یا Codex جیسے ایجنٹ سے قدم بہ قدم پورا نظام بنوائیں 34

10 لانچ
دس غلطیاں اور آخری چیک لسٹ 38

شروع کرنے سے پہلے اگلے صفحات دیکھ لیں: اپنا سامان، دو راستے، اور میوز کا ماسٹر پرامپٹ۔

شروع سے پہلے

آپ کا سامان: بارہ چیزیں

یہ پوری فہرست ہے — اس کے علاوہ کچھ نہیں چاہیے۔ ہر چیز کے سامنے نشان لگاتے جائیں:

	چیز	کس لیے	خرچ
1	فیس بک پیج	جس پوسٹ پر کمنٹس آئیں؛ آپ اس کے ایڈمن ہوں	مفت
2	انسٹاگرام پروفیشنل اکاؤنٹ	بزنس یا کریئیٹر — انسٹاگرام کمنٹس کے لیے	مفت
3	Meta Business پورٹ فولیو	پیج کا مالک؛ یہیں سسٹم یوزر بنتا ہے	مفت
4	Meta for Developers ایپ	اجازتیں اور webhook کی گھنٹی	مفت
5	سسٹم یوزر ٹوکن	نظام کی چابی	مفت
6	Cloudflare اکاؤنٹ	واٹس ایپ بوٹ کے لیے؛ یا راستہ 2 میں پورا ورکر اور D1	مفت
7	Node.js اور wrangler	صرف راستہ 2: اپنے کمپیوٹر سے ورکر چڑھانا	مفت
8	میٹا میوز یا اے آئی ایجنٹ	راستہ 1: میوز پورا نظام چلائے؛ راستہ 2: Codex، Gemini یا Claude	اپنے اکاؤنٹ کی حد
9	آزمائشی اکاؤنٹ	دوسرا فیس بک / انسٹاگرام اکاؤنٹ — محفوظ جانچ	مفت
10	تحفے کا لنک	گائیڈ، PDF یا صفحہ جو لوگوں کو بھیجنا ہے	آپ کا اپنا
11	بونس: واٹس ایپ	WhatsApp Business Account اور API کے لیے نمبر	1,000 جوابات ماہانہ مفت
12	وقت	پہلی بار کا پورا سیٹ اپ اور جانچ	3 سے 5 گھنٹے

پہلے دن کی ترتیب

راستہ 1 (میوز): اکاؤنٹس (1–3) ← صفحہ 5 کا ماسٹر پرامپٹ میوز میں ← میوز ایپ، ٹوکن اور پہلی مہم آپ کے ساتھ بناتا ہے ← آزمائشی کمنٹ (9–10) ← منظوری۔ **راستہ 2 (اپنا ورکر):** اکاؤنٹس ← ایپ اور ٹوکن ← Cloudflare اور ایجنٹ ← آزمائشی کمنٹ؛ ایجنٹ پرامپٹ صفحہ 34 سے۔

شروع سے پہلے

دو راستے: میوز یا اپنا ورکر

ہم نے فیس بک اور انسٹاگرام کا پورا نظام میٹا میوز (Meta Muse) میں چلایا: میوز کے مقررہ کام ہر 15 منٹ بعد نئے کمنٹس دیکھتے ہیں، تحفہ بھیجتے ہیں اور DM Jadoo ڈیش بورڈ تازہ کرتے ہیں۔ صرف واٹس ایپ بوٹ Cloudflare پر چلتا ہے۔ میوز نہ ہو تو یہی کام اپنے ورکر سے ہو سکتا ہے — باب 3 سے 9 وہی راستہ قدم بہ قدم سمجھاتے ہیں۔

راستہ 1 — میوز (ہمارا راستہ)

ایک پرامپٹ، میوز مینیجر

- اگلے صفحات کا ماسٹر پرامپٹ میوز میں چسپاں کریں
- ٹوکن میوز کے Secure Vault میں، چیٹ میں کبھی نہیں
- ہر مہم پر آپ کی منظوری، پھر خودکار
- میوز کی دستیابی اور حد اپنے اکاؤنٹ میں دیکھیں

راستہ 2 — اپنا ورکر

اپنا کوڈ، پورا اختیار

- Cloudflare ورکر اور D1 کے مفت درجے پر
- Gemini، Codex یا Claude سے بنوائیں (باب 9)
- ٹوکن ورکر کے Secrets میں
- میوز کے بغیر بھی چلتا ہے

میوز راستے میں	کہاں	کیا کرتا ہے
انجن	میوز کے مقررہ کام (Watchers)	ہر 15 منٹ کمنٹس پڑھنا، نجی اور عوامی جواب، رسید کی فائل
راز	میوز کا Secure Vault	ٹوکن صرف یہاں؛ آپ خود ڈالتے ہیں
ڈیش بورڈ	میوز آرٹیفیکٹ DM Jadoo	ہر 15 منٹ گنتیاں اور ہر مہم کا کارڈ
واٹس ایپ	Cloudflare ورکر (اختیاری)	لفظ پر جواب، ڈیش بورڈ کے لیے گنتیاں
آپ	اپنے اکاؤنٹس میں	لاگ اِن، 2FA، ہر مہم کی منظوری، ادائیگی کا فیصلہ

شروع سے پہلے

ماسٹر پرامپٹ: میوز میں یہ چسپاں کریں (1/3)

یہ پرامپٹ میوز نے ہمارے بنائے ہوئے اصل نظام کی بنیاد پر لکھا۔ ہم نے نام اور خانے اردو میں بدلے ہیں؛ مثالیں اردو اے آئی کی ہیں۔

ماسٹر پرامپٹ کیسے استعمال کریں

01 نیچے سے شروع ہونے والا پرامپٹ (تین صفحات) کاپی کریں اور ہر [خانہ] اپنی معلومات سے بھریں — باقی متن انگریزی میں ہی رہنے دیں۔

02 میوز میں چسپاں کریں؛ میوز Phase 1 سے شروع کرے گا اور جہاں آپ کا کلک، پاس ورڈ یا 2FA چاہیے وہاں رکے گا۔

03 پہلی مہم میں ایک اصل کمنٹ پر جواب دیکھ کر منظوری دیں — اس کے بعد ہی وہ مہم خودکار چلے گی۔

MY DETAILS

- My name / brand: [اپنا نام اور برانڈ — مثلاً: قیصر رونجھا / Urdu Ai]
- Facebook Page(s) to use: [اپنے فیس بک پیج کا نام یا لنک — مثلاً: Urdu Ai]
- Instagram account(s) to use: [اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ کا ہینڈل یا لنک — مثلاً: @urduaiorg]
- My website / link people should receive: [اپنی ویب سائٹ یا گائیڈ کا لنک — مثلاً: urduai.org]
- My keywords and what each one sends (one row per keyword):

  [پہلا لفظ — مثلاً: TEACHER] → [اس لفظ پر جانے والا لنک — مثلاً: اساتذہ کی گائیڈ کا لنک]

  [دوسرا لفظ — مثلاً: GEMINI] → [اس لفظ پر جانے والا لنک]

  (add as many as you want; people can ask for several in one comment and get them all in ONE message)
- Language of the gift messages: [پیغام کی زبان — مثلاً: اردو]
- Sign-off line on every gift: [ہرپیغام کی آخری سطر — مثلاً: ٹیم اردو اے آئی]
- Also link in every gift (optional): YouTube [اپنے یوٹیوب چینل کا لنک], WhatsApp Channel [اپنے واٹس ایپ چینل کا لنک]

THE JOB

Build me a free comment-to-DM system on my OWN Meta developer app – no ManyChat or any paid tool, no subscriptions. When someone comments one of my keywords on a chosen Facebook post or Instagram post/reel, they automatically receive a personal gift message (private reply/DM) with the link(s) they asked for, plus a short public thank-you reply under their comment (and a Page like on Facebook). Build me a dashboard artifact that shows every campaign, comments counted, DMs delivered, and response rate, synced automatically. Do the whole setup with me step by step; stop only where I must type a password, a 2FA code, or approve something.

شروع سے پہلے

ماسٹر پرامپٹ (2/3)

GROUND RULES (never break these)

1. Tokens and passwords NEVER go through chat. Use Muse's Secure Vault capture links for every secret; I enter them there. Never print, log, or store a token in a file.
2. Nothing is sent to anyone until I approve the campaign. Approval is per campaign: one post + one keyword set + one gift template. Inside an approved campaign you may send without asking again; anything outside it needs my OK first.
3. Anti-spam discipline: keyword opt-in only; ONE private message per person EVER per campaign, even if they comment ten times; no follow-ups, no broadcasts; pace sends about 20–30 seconds apart; never try to work around a rate limit – stop and tell me instead.
4. A comment can only be privately replied to within 7 days on both platforms; after that, skip it.
5. Keep a dedupe log per campaign (JSON file) and treat it as the source of truth: never serve the same person twice, and if a run is interrupted, check the log before assuming anything was or wasn't sent.
6. Page through ALL comments on a post before telling me any queue or served numbers – never quote counts from a partial scan.
7. A message "logged as sent" is not proof it arrived. When delivery matters, verify it (test on my own account/phone and confirm I actually received it).
8. One sender per campaign: never run two jobs on the same post.

PHASE 1 – DISCOVERY

List my Facebook Pages and Instagram accounts you can see, with their numeric IDs and follower counts, and confirm with me which ones this system will use. Watch out for similarly named Pages – confirm the exact ID with me.

PHASE 2 – MY OWN META APP

Walk me through creating a Meta developer app (I'll do the clicks and 2FA; you tell me exactly where and wait for me):

create/select my business portfolio, create an app named "[اپنا برانڈ — مثلاً: Urdu Ai] Engagement", use case "Manage messaging & content on Instagram". Add these permissions (Standard Access is enough for my own Pages and accounts – no App Review):

- Instagram: instagram_business_basic, instagram_business_manage_messages, instagram_business_manage_comments
- Facebook: pages_show_list, pages_read_engagement, pages_manage_engagement, pages_read_user_content, pages_messaging, pages_manage_metadata, business_management

PHASE 3 – TOKENS (via Secure Vault only)

Set up a System User for the app with all the permissions above and a never-expiring token; save it in the vault. Derive Facebook Page tokens in-process from it at the start of each run – never store Page tokens. Save the Instagram app token in the vault too, note that it lasts ~60 days, and create a reminder to renew it 7 days before expiry.

شروع سے پہلے

ماسٹر پرامپٹ (3/3)

PHASE 4 – THE GIFT ENGINE
For each campaign: match keywords case-insensitively in any language I use (collect ALL keyword matches in one comment and send all their links in ONE message). Gift structure: friendly greeting (use the commenter's first name on Facebook when available; on Instagram greetings are name-free – never invent a name), the link(s) they asked for with a one-line description each, my extra links (YouTube / WhatsApp Channel), and my sign-off.

- Facebook per person (3 touches): private reply + public thank-you reply + Page like.
- Instagram per person (2 touches): private reply + public reply. (Instagram's API has no like – never attempt one.)
- If a comment has NO keyword, send the index page (all links) plus one line listing the keywords for next time.
- Expected errors to log and skip, not stop on: Facebook 10903 (person's privacy blocks Page DMs), 2018300 (another app controls the thread), 10900 (already replied). Stop the whole run only on HTTP 429 or a token error, and tell me.

PHASE 5 – TEST, THEN MY APPROVAL
Serve exactly ONE real commenter on my first post, show me the sent message text and proof it landed, and wait for my OK. Only after I say go do you have blanket permission for that campaign (post + keywords + template).

PHASE 6 – WATCHERS
For every approved campaign, create a scheduled job that runs every 15 minutes: fetch all comments (paged), skip everyone in the dedupe log, serve newcomers (max 15 per run, paced). Runs with nothing new stay silent. Report to me only: each new serve on gift-style campaigns (one short line with the running total), cumulative milestones every 25 on keyword campaigns (25, 50, 75…), and any stop-error.

PHASE 7 – DASHBOARD ARTIFACT
Build me a dashboard artifact (call it "DM Jadoo" if you like) with: total comments, total DMs delivered, response rate, active campaigns; a card per campaign (platform, post link, keyword, comments, DMs); and a sync job every 15 minutes that refreshes the counts from the live posts and the sent logs. Self-serve rule: when I add a campaign in the dashboard (post link + keyword + gift link, status = active), serving starts automatically on the next sync – but campaigns that already have their own watcher must never be double-served.

PHASE 8 – WHATSAPP (only if I ask)
Connect my WhatsApp number through the Cloud API on the SAME Meta app (direct route, no BSP): register the number on my WhatsApp Business account, then build a small bot (Cloudflare Worker or similar free host) that replies to keywords with the same links, keeps a per-user log, and exposes a stats endpoint the dashboard reads (users served, messages, links delivered, plus a searchable people table: name, number, first/last seen, what they took). Keep the people table private to me – never on a shared or public view.
IMPORTANT – warn me before I commit: since 1 October 2026 Meta requires a payment method on the WhatsApp Business account and charges per delivered service message after the first 1,000 per number per month (check Meta's official rate card for the current Pakistan price). If I decline to add a payment method, DO NOT keep pitching it: leave WhatsApp sending off and route people to the free Facebook/Instagram DMs, my WhatsApp Channel, and my website instead.

PHASE 9 – KEEP IT RUNNING
Also set up: a daily follower tracker for my Pages/accounts (today's count, change since yesterday and since day one), and the token-renewal reminder from Phase 3. If any watcher starts failing repeatedly, tell me once with the cause – don't spam me every run.

DONE MEANS: my app exists with the permissions above; tokens live only in the vault; at least one campaign tested live with my approval and its watcher running; the dashboard shows real counts; and you've shown me a one-paragraph summary of what's live, what's blocked, and what only I can do next.
Start with Phase 1 now.

شروع سے پہلے

جب کوئی قدم سمجھ نہ آئے

میوز کسی قدم پر آپ سے کلک یا سیٹنگ مانگے اور بات سمجھ نہ آئے تو اسی گفتگو میں یہ لکھیں:

یہ قدم مجھے سمجھ نہیں آیا: [قدم یا اسکرین پر جو نظر آ رہا ہے]۔ اگر تم خود یہ کام اپنے براؤزر میں کر سکتے ہو تو پہلے بتاؤ کہ کیا کرو گے اور میری اجازت لو۔ ورنہ [Claude یا Gemini یا Codex] کے لیے انگریزی میں ایک واضح پرامپٹ لکھو تاکہ وہ میرا براؤزر یا کمپیوٹر چلا کر یہ کام کرے۔ اس پرامپٹ میں شرطیں ہوں: لاگ اِن، پاس ورڈ، تصدیقی کوڈ اور ادائیگی میں خود کروں گا؛ Deploy، Publish، Save یا Pay سے پہلے وہ رک کر پوچھے؛ ٹوکن کبھی چیٹ یا فائل میں نہ لکھے؛ اور آخر میں بتائے کہ کیا بدلا اور میں کیسے جانچوں۔ پھر اردو میں بتاؤ کہ یہ پرامپٹ کہاں اور کیسے چلانا ہے۔

ماسٹر پرامپٹ کے پانچ اصول جو آپ بھی یاد رکھیں

- ٹوکن اور پاس ورڈ صرف Secure Vault میں — چیٹ میں کبھی نہیں۔
- ہر مہم کی منظوری آپ دیتے ہیں: ایک پوسٹ، ایک لفظ، ایک پیغام۔ اس سے باہر کچھ نہیں۔
- ایک شخص کو ایک مہم میں ایک ہی پیغام؛ 20 سے 30 سیکنڈ کا وقفہ؛ حد آئے تو رکنا۔
- "بھیج دیا" لکھا ہونا ثبوت نہیں — اپنے اکاؤنٹ پر پہنچنا دیکھیں۔
- انسٹاگرام ٹوکن تقریباً 60 دن چلتا ہے؛ 7 دن پہلے تجدید کی یاد دہانی۔

واٹس ایپ کی قیمت: ہر نمبر پر پہلے 1,000 سروس پیغامات ماہانہ مفت؛ اس کے بعد فی پیغام قیمت — پاکستان کا تازہ ریٹ Meta کے آفیشل ریٹ کارڈ میں دیکھیں۔ تفصیل صفحہ 32۔

میوز نہ ہو تو؟

میٹا کے 29 ستمبر 2026 کے اعلان میں میوز کی دستیابی امریکہ اور کینیڈا میں بتائی گئی ہے اور عمر کی شرط کم از کم 18 سال ہے؛ پاکستان میں عام دستیابی کی تصدیق ہمارے پاس نہیں۔ میوز کے استعمال کی حد اور قیمت اپنے اکاؤنٹ میں دیکھیں۔ میوز نہ ہو تو راستہ 2 اپنائیں: باب 3 سے 9، اور ایجنٹ پرامپٹس صفحہ 34 سے۔

باب 1 — سمجھ

یہ گائیڈ کس کے لیے ہے؟

اگر آپ کی پوسٹ پر روزیہی کمنٹس آتے ہیں — "لنک کہاں ہے؟"، "گائیڈ بھیج دیں"، "کورس کیسے ملے گا؟" — اور آپ ہر ایک کو ہاتھ سے DM کرتے ہیں، تو یہ گائیڈ آپ کا وقت واپس دے گی۔ جو کام آپ رات بارہ بجے تک کرتے ہیں، وہ نظام چند سیکنڈ میں کرے گا۔

تخلیق کار
جو مفت گائیڈ یا وسیلہ بانٹتے ہیں

استاد و ادارے
جو کورس یا داخلے کا لنک دیتے ہیں

چھوٹا کاروبار
جو قیمت یا کیٹلاگ بھیجتا ہے

اس گائیڈ کے بعد آپ کے پاس ہوگا

- ایک ایسا نظام جو آپ کی پوسٹ پر مخصوص لفظ والا کمنٹ پہچان کر اسی شخص کو نجی پیغام میں تحفہ بھیجے۔
- کمنٹ کے نیچے ایک مختصر عوامی جواب، تاکہ باقی لوگ بھی دیکھیں کہ نظام کام کر رہا ہے۔
- ہر بھیجے گئے پیغام کی رسید — تاکہ کوئی دو بار نہ پائے اور کوئی رہ نہ جائے۔

470
کمنٹس ایک ہی پوسٹ پر (اصل مثال، صفحہ 25)

×

30 سیکنڈ
ہر ایک کو ہاتھ سے DM

=

تقریباً 4 گھنٹے
جو نظام آپ کو واپس دیتا ہے

ایمانداری کی بات

یہ ایک بٹن والا جادو نہیں — جادو صرف صارف کو نظر آتا ہے۔ پسِ پردہ اجازتیں، چابیاں اور جانچ ہیں۔ اچھی خبر یہ ہے کہ ایک بار درست بن جائے تو ہر نئی مہم چند منٹ کا کام ہے۔

باب 1 — سمجھ

ڈاک خانہ کیسے چلتا ہے؟



پورے نظام کو ایک ڈاک خانے کی طرح سوچیں۔ ہر کمنٹ ایک خط ہے؛ آپ کا نظام اسے چھانٹتا ہے، درست پتے پر تحفہ بھیجتا ہے، اور رسید رکھتا ہے۔

خط	گھنٹی	چھانٹی	ڈاکیا	رسید
کمنٹ	Webhook	لفظ کی پہچان	Private Reply	ریکارڈ
کوئی آپ کی پوسٹ پر لکھتا ہے	Meta فوراً آپ کے سرور کو بتاتا ہے	کیا اس میں آپ کا کوڈ لفظ ہے؟ پہلے بھیجا تو نہیں؟	اسی شخص کے اِن باکس میں تحفہ	کمنٹ ID، وقت، نتیجہ — دوبارہ نہ بھیجنے کی ضمانت

ایک کمنٹ کا سفر — تین سیکنڈ میں

0:00	عائشہ ریل کے نیچے لکھتی ہیں: TEACHER
0:01	Meta کی گھنٹی بجتی ہے؛ نظام لفظ پہچانتا ہے اور رسید دیکھتا ہے
0:02	عائشہ کے اِن باکس میں گائیڈ کا لنک پہنچ جاتا ہے
0:03	کمنٹ کے نیچے جواب: "گائیڈ اِن باکس میں ہے"

ڈاک خانے کی چابی

آپ کا نظام Meta سے جس اجازت نامے کے ذریعے بات کرتا ہے، اسے Access Token کہتے ہیں۔ یہ ڈاک خانے کی چابی ہے — جس کے پاس ہو، وہ آپ کے پیج کی طرف سے پیغام بھیج سکتا ہے۔ اسے کبھی کسی کو نہ دکھائیں۔

باب 1 — سمجھ

Meta کے پانچ سنہری اصول

یہ اصول کوئی بھی ٹول، ڈویلپر یا "ہیک" نہیں بدل سکتا۔ انہیں سمجھ لیں تو آدھی الجھنیں پہلے ہی ختم ہو جاتی ہیں۔

1
ایک کمنٹ، ایک پیغام
ہر کمنٹ کے جواب میں صرف ایک نجی پیغام جا سکتا ہے۔ اسی لیے پہلا پیغام ہی مکمل اور کام کا ہو۔

7
سات دن کی کھڑکی
نجی جواب کمنٹ کے 7 دن کے اندر ہی جا سکتا ہے۔ انسٹاگرام لائیو پر صرف لائیو کے دوران۔

24
چوبیس گھنٹے کی گفتگو
اگر وہ شخص آپ کے پیغام کا جواب دے، تب ہی اگلے 24 گھنٹے میں مزید بات ہو سکتی ہے۔

Requests فولڈر
انسٹاگرام پر جو آپ کو فالو نہیں کرتا، اسے پیغام Requests میں ملتا ہے — عوامی جواب میں یہ بتا دیں۔

رسائی کی سطح
اپنے ہی پیج اور اکاؤنٹ کے لیے ہمارے تجربے میں Standard Access کافی رہا، App Review کے بغیر۔
دوسرے کاروبار کے پیج سنبھالنے ہوں تو Advanced Access اور App Review۔

دن 0 کمنٹ آیا	7 دن: ایک نجی جواب کی اجازت	دن 7 کھڑکی بند
جواب آیا صارف نے لکھا	24 گھنٹے: آزادانہ گفتگو	24 گھنٹے بعد دوبارہ انتظار

ماخذ: Meta کی Messenger اور Instagram Private Replies دستاویزات، اکتوبر 2026۔ لانچ سے پہلے تازہ صفحہ ضرور دیکھیں۔

باب 1 — سمجھ

پہلا فیصلہ: خود بنائیں یا تیار ٹول؟

مارکیٹ میں Meta کے منظور شدہ پارٹنر ٹول موجود ہیں جو یہی کام ماہانہ فیس پر کرتے ہیں۔ یہ گائیڈ "خود بنانے" کا راستہ سکھاتی ہے، مگر فیصلہ سوچ سمجھ کر کریں:

تیار ٹول

جلدی اور آسان

- چند منٹ میں شروع، کوڈ کی ضرورت نہیں
- App Review اور اجازتیں ٹول کی ذمہ داری
- ماہانہ فیس، اکثر رابطوں کی تعداد کے ساتھ بڑھتی ہے
- اردو لفظ پہچان اور اپنی مرضی کا ڈیش بورڈ محدود

اپنا نظام

مکمل اختیار

- ڈیٹا، لاگ اور منطق آپ کے پاس
- اردو، رومن اور انگریزی — ہر طرح کا لفظ پہچانیں
- چھوٹے حجم پر خرچ نہ ہونے کے برابر
- سیٹ اپ، منظوری اور دیکھ بھال آپ کی ذمہ داری

دونوں راستوں پر ایک جیسے اصول

تیار ٹول بھی Meta کے انہی اصولوں کا پابند ہے: ایک کمنٹ پر ایک پیغام، 7 دن کی کھڑکی، 24 گھنٹے کی گفتگو۔ جو ٹول "بے حد DM" یا "ہر فالوور کو پیغام" کا وعدہ کرے، اس سے دور رہیں — وہ آپ کا اکاؤنٹ خطرے میں ڈالتا ہے۔

ہمارا مشورہ

اگر آپ کو آج رات ایک مہم چلانی ہے تو تیار ٹول لیں۔ اگر آپ مہینے میں کئی مہمات چلاتے ہیں، اردو سامعین ہیں اور اپنا ڈیٹا اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں — تو اپنا ڈاک خانہ بنائیں۔ دونوں صورتوں میں باب 5 کا "جادو والا پیغام" ویسے ہی کام آئے گا۔

باب 2—تیاری

مہم کارڈ: پہلے کاغذ، پھر کوڈ

ہر مہم کے لیے یہ کارڈ بھریں۔ جو کارڈ مکمل نہیں، وہ مہم لانچ کے لیے تیار نہیں۔

پوسٹ	اساتذہ کے لیے اے آئی گائیڈ—ریل، 21 اکتوبر
کوڈ لفظ	**TEACHER**—مختصر، موبائل پر آسان، کسی عام لفظ سے نہ ٹکرائے
قبول شکلیں	Teacher! · teacher · ٹیچر · استاد · ustad
تحفہ	اساتذہ والی گائیڈ کا لنک—فون پر کھول کر جانچا ہوا، لاگ اِن کے بغیر
نجی پیغام	سلام + نام، تحفہ، ایک اگلا قدم (باب 5 دیکھیں)
عوامی جواب	تین مختلف جملے، باری باری—"گائیڈ اِن باکس میں بھیج دی ہے"
مدت	شروع: پوسٹ کے ساتھ—ختم: 7 دن بعد (Meta کی کھڑکی)
حالت	جانچ باقی ← چالو ← روکی ہوئی ← مکمل

01 تحفے کا لنک خود فون پر کھولیں۔ اگر لاگ اِن مانگے یا آہستہ کھلے تو پہلے اسے ٹھیک کریں۔

02 لفظ ایسا رکھیں جو لوگ ویسے بھی نہ لکھتے ہوں۔ "GUIDE" عام ہے؛ "TEACHER" یا "GUIDE7" بہتر ہے۔

03 جانچ ہمیشہ اپنی پوسٹ اور اپنے آزمائشی اکاؤنٹ سے کریں—کبھی کسی اصل صارف پر نہیں۔

لفظ کا امتحان

کیا آپ کی امی یہ لفظ ایک ہاتھ سے، بغیر غلطی، فون پر لکھ سکتی ہیں؟ اگر نہیں تو لفظ چھوٹا اور آسان کریں۔ انگریزی کا ایک لفظ، یا ایک لفظ اور ایک ہندسہ (GUIDE7) سب سے اچھا چلتا ہے۔

باب 3 – فیس بک

ایپ، پیج اور پورٹ فولیو کا رشتہ

فیس بک پر تین چیزیں الگ الگ ہیں اور تینوں کا درست جڑنا ضروری ہے: آپ کی Meta App، آپ کا Page، اور وہ Business Portfolio جو پیج کا مالک ہے۔ صرف نام مل جانا کافی نہیں — ہر جگہ ID ملائیں۔

01 Meta Business Settings میں دیکھیں کہ اصل پیج کس پورٹ فولیو کے پاس ہے۔ نام کے ساتھ Page ID بھی لکھ لیں۔

02 Meta for Developers میں ایپ بنائیں اور اسے اسی پورٹ فولیو سے جوڑیں۔ استعمال کا کیس منتخب کریں: Messenger سے گاہکوں سے رابطہ اور پیج کا انتظام۔

03 اجازتیں: نجی پیغام کے لیے pages_messaging، کمنٹ پڑھنے کے لیے pages_read_engagement، اور عوامی جواب کے لیے pages_manage_engagement۔

04 اپنے ہی پیج اور انسٹاگرام اکاؤنٹ کے لیے ہمارے تجربے میں Standard Access کافی رہا — App Review کے بغیر۔ کسی دوسرے کاروبار کے پیج کے لیے نظام چلانا ہو تو Advanced Access اور App Review درکار ہوں گے۔

05 پہلے پڑھنے کی جانچ: کیا ایپ اسی پوسٹ کے کمنٹس دیکھ سکتی ہے؟ اس کے بعد ہی بھیجنے کی جانچ کریں۔

Page ID کہاں ملے گی؟

Business Settings ← Accounts ← Pages میں اپنا پیج کھولیں؛ نام کے نیچے اس کی ID لکھی ہوتی ہے۔ اسے مہم کارڈ پر لکھ لیں اور ہر ٹوکن کی جانچ میں اسی سے ملائیں۔

سب سے زیادہ وقت ضائع کرنے والی غلطی

ایک ہی نام کے دو پیج یا دو پورٹ فولیو۔ غلط پیج کا ٹوکن بالکل درست دکھائی دیتا ہے مگر آپ کی پوسٹ کبھی نہیں پڑھ پاتا۔ ہر قدم پر Page ID دیکھیں۔

باب 3 — فیس بک

Meta ایپ کا اصل ڈیش بورڈ



اصل تصویر 1 — Meta for Developers میں ایپ اور اس کے استعمال کے کیس

اس تصویر سے کیا سیکھیں؟

تینوں سبز نشان بتاتے ہیں کہ انسٹاگرام پیغامات، پیج کا انتظام اور Messenger کے استعمال کے کیس منتخب ہو چکے ہیں۔ "Test use cases" اور "publish" ابھی باقی ہیں — یعنی ایپ ابھی صرف جانچ کے لیے ہے۔

تصویر اکتوبر 2026 کی ہے؛ Meta کا انٹرفیس بدلتا رہتا ہے۔ ذاتی معلومات اور راز اصل تصویر میں چھپا دیے گئے ہیں۔

باب 3 — فیس بک

چابی: ٹوکن کو محفوظ رکھیں

ٹوکن تین طرح کے ہوتے ہیں اور الجھن یہیں سے شروع ہوتی ہے۔ ہمیشہ چلنے والے ڈاک خانے کے لیے سسٹم یوزر کی چابی بہتر ہے:

	ذاتی	پیج	سسٹم یوزر
نام	User Token	Page Token	System User Token
کس کا	آپ کا فیس بک پروفائل	ایک پیج	کاروبار کا روبوٹ صارف
کب تک	گھنٹوں سے 60 دن	بنانے کے طریقے پر منحصر	طویل مدت، منسوخی تک
کب استعمال	صرف جانچ	چھوٹا سیٹ اپ	ہمیشہ چلنے والا بوٹ — یہی چنیں

01 Business Settings ← System users میں ایک سسٹم یوزر بنائیں (مثلاً "Urdu AI Bot")۔

02 اسے صرف وہی پیج اور ایپ دیں جن کی واقعی ضرورت ہے، اور صرف ضروری اختیار۔

03 اسی سسٹم یوزر سے مطلوبہ اجازتوں کے ساتھ ٹوکن بنائیں۔ "Never" میعاد ملے تب بھی وہ منسوخ یا بے اثر ہو سکتا ہے۔

04 ٹوکن سیدھا سرور کے Secrets میں رکھیں۔ پھر debug_token سے اس کی اجازتیں اور پیج جانچیں۔

05 بدلتے وقت: نیا ٹوکن پہلے محفوظ جگہ میں ڈالیں، جانچیں، پھر پرانا منسوخ کریں۔

چابی کہاں کبھی نہیں رکھنی

چیٹ، ای میل، شیئرڈ نوٹ، اسکرین شاٹ، کوڈ کی فائل، GitHub یا کسی اے آئی پرامپٹ میں۔ اگر غلطی سے کہیں چلا جائے تو فوراً منسوخ کر کے نیا بنائیں۔

باب 3 — فیس بک

سسٹم یوزر کی اصل اسکرین



اصل تصویر 2 — Business Settings میں دو الگ سسٹم یوزر اور ان کے کردار

اس تصویر سے کیا سیکھیں؟

یہاں ایک ایڈمن اور ایک ملازم (Employee) سسٹم یوزر ہے۔ روزمرہ کے بوٹ کے لیے کم اختیار والا یوزر بہتر ہے — اگر اس کی چابی کبھی لیک ہو تو نقصان محدود رہے۔

کم اختیار کا اصول

- ایک بوٹ، ایک سسٹم یوزر — ہر کام کی الگ چابی، تاکہ ایک بند کریں تو باقی چلتے رہیں۔
- صرف وہی پیج، ایپ اور انسٹاگرام اکاؤنٹ دیں جن پر یہ بوٹ کام کرتا ہے۔
- ہر چند ماہ بعد دیکھیں: کون سے سسٹم یوزر اب بھی ضروری ہیں؟ باقی ہٹا دیں۔

تصویر اکتوبر 2026 کی ہے؛ Meta کا انٹرفیس بدلتا رہتا ہے۔ ذاتی معلومات اور راز اصل تصویر میں چھپا دیے گئے ہیں۔

باب 3 — فیس بک

گھنٹی: کمنٹ آتے ہی خبر

پرانا طریقہ یہ تھا کہ ہر چند منٹ بعد پوسٹ کے کمنٹس دیکھیں (polling)۔ بہتر طریقہ Webhook ہے: Meta خود آپ کے سرور کی گھنٹی بجاتا ہے کہ نیا کمنٹ آیا ہے۔ تیز بھی، اور Meta کی حدوں سے بھی محفوظ۔

01 اپنے سرور پر ایک پتہ بنائیں، مثلاً webhook/۔ GET پر Meta کا تصدیقی کوڈ واپس کریں۔

02 ایپ میں فیس بک پیج کے لیے feed اور انسٹاگرام کے لیے comments فیلڈ کو سبسکرائب کریں۔ پیج کو بھی ایپ سے سبسکرائب کریں۔

03 ہر POST پر X-Hub-Signature-256 کو اپنی App Secret سے جانچیں۔ دستخط غلط ہو تو کچھ نہ کریں۔

04 فوراً 200 واپس کریں اور اصل کام قطار (queue) میں ڈالیں — Meta دیر ہونے پر وہی واقعہ دوبارہ بھیجتا ہے۔

05 احتیاط کے طور پر ہر گھنٹے ایک ہلکی polling بھی چلائیں تاکہ کوئی چھوٹا ہوا کمنٹ پکڑا جائے۔

فیس بک پیج پر نئے کمنٹ کی گھنٹی کچھ یوں سنائی دیتی ہے — آپ کو بس یہ چار چیزیں چاہییں:

```
{ "field": "feed",
  "value": { "item": "comment", "verb": "add",
             "post_id": "{POST_ID}", "comment_id": "{COMMENT_ID}",
             "from": { "id": "{SENDER_ID}", "name": "..." },
             "message": "TEACHER please" } }
```

اپنا ہی کمنٹ نہ پکڑیں

جب نظام عوامی جواب لکھتا ہے تو وہ بھی ایک نیا کمنٹ ہے اور گھنٹی پھر بجتی ہے۔ اگر کمنٹ لکھنے والا آپ کا اپنا پیج یا اکاؤنٹ ہو تو اسے فوراً چھوڑ دیں — ورنہ نظام خود سے باتیں کرنے لگتا ہے۔

باب 3 — فیس بک

کمنٹ سے اِن باکس تک

نیا کمنٹ ← اپنا تو نہیں؟ ← لفظ ملا؟ ← پہلے بھیجا؟ ← نجی جواب ← عوامی جواب

نجی جواب میں وصول کنندہ کوئی شخص نہیں بلکہ کمنٹ کی ID ہوتی ہے — Meta خود اسے درست اِن باکس تک پہنچاتا ہے:

```
POST https://graph.facebook.com/vXX.X/{PAGE_ID}/messages
{
  "recipient": { "comment_id": "{COMMENT_ID}" },
  "message":   { "text": "{YOUR_DM_TEXT} https://..." }
}

POST https://graph.facebook.com/vXX.X/{COMMENT_ID}/comments
  message = "{YOUR_PUBLIC_REPLY}"
```

رسید میں کیا لکھیں؟

پوسٹ ID، کمنٹ ID، لکھنے والے کی ID، لفظ، وقت، نتیجہ اور Meta کا جواب یا error code۔ کمنٹ ID کو منفرد رکھیں تاکہ وہی کمنٹ دوبارہ آئے تو دوسرا تحفہ نہ جائے۔ ایک شخص کو ایک مہم میں ایک ہی بار تحفہ دیں، چاہے وہ تین کمنٹ کرے۔

دوبارہ کوشش کا اصول

- نیٹ ورک یا Meta کی عارضی خرابی: تھوڑا رک کر زیادہ سے زیادہ تین بار دوبارہ کوشش۔
- اجازت، وقت ختم یا "پہلے ہی جواب" والی غلطی: دوبارہ کوشش نہیں — رسید میں وجہ لکھ کر آگے بڑھیں۔

نجی پیغام پہلے، عوامی جواب بعد میں

اگر نجی پیغام ناکام ہو تو عوامی طور پر "بھیج دیا" نہ لکھیں۔ پہلے نتیجہ دیکھیں، پھر عوامی جواب۔

باب 4 — انسٹاگرام

انسٹاگرام: دو راستے، ایک منزل

انسٹاگرام کے لیے پروفیشنل اکاؤنٹ لازمی ہے۔ Meta دو API راستے دیتا ہے، اور ایک راستے کی اجازت دوسرے پر نہیں چلتی۔ شروع میں ایک چنیں اور اسی پر قائم رہیں۔

	Instagram Login	Facebook Login
API میزبان	graph.instagram.com	graph.facebook.com
فیس بک پیج	ضروری نہیں	جڑا ہوا پیج ضروری
ٹوکن	Instagram User Token	Page Token
کمنٹس کی اجازت	instagram_business_manage_comments	instagram_manage_comments
پیغام کی اجازت	instagram_business_manage_messages	instagram_manage_messages
بنیادی اجازت	instagram_business_basic	pages_read_engagement + instagram_basic

```
POST https://graph.instagram.com/vXX.X/{IG_ID}/messages
{ "recipient": { "comment_id": "{IG_COMMENT_ID}" },
  "message":   { "text": "{YOUR_DM_TEXT} https://..." } }

POST https://graph.instagram.com/vXX.X/{IG_COMMENT_ID}/replies
  message = "{YOUR_PUBLIC_REPLY}"
```

اگر کمنٹ کی گنتی نظر آئے مگر کمنٹس خالی ہوں

اسے ”کوئی کمنٹ نہیں“ نہ سمجھیں۔ کمنٹس کی اجازت، اکاؤنٹ کی API، ID میزبان اور ایپ کا موڈ ایک ایک کر کے جانچیں۔ عموماً مسئلہ غلط راستے یا گمشدہ اجازت کا ہوتا ہے۔

باب 4 — انسٹاگرام

انسٹاگرام API کی اصل اسکرین



اصل تصویر 3 — ایپ میں "API setup with Instagram login" کا صفحہ

اس تصویر سے کیا سیکھیں؟

بائیں فہرست میں دونوں راستے نظر آ رہے ہیں: Instagram login اور Facebook login۔ پہلا قدم "Add required messaging permissions" ہے — یہاں کمنٹس اور پیغامات دونوں کی اجازتیں شامل کریں، صرف ایک کافی نہیں۔

تصویر اکتوبر 2026 کی ہے؛ Meta کا انٹرفیس بدلتا رہتا ہے۔ ذاتی معلومات اور راز اصل تصویر میں چھپا دیے گئے ہیں۔

باب 5 — جادو والا پیغام

لوگ لفظ کیوں لکھیں گے؟

ٹیکنالوجی صرف آدھا جادو ہے؛ باقی آدھا الفاظ ہیں۔ پوسٹ میں پہلے فائدہ، پھر ایک صاف لفظ، پھر وعدہ کہ چیز کہاں ملے گی۔

کمزور دعوت

"کمنٹ کریں، سرپرائز ملے گا۔"

جادو والی دعوت

"کمنٹ میں TEACHER لکھیں — اساتذہ کی مفت اے آئی گائیڈ سیدھی آپ کے اِن باکس میں۔"

DM کی بناوٹ: چار حصے

1

سلام اور نام

"السلام علیکم عائشہ!" — پیغام مشینی نہ لگے۔

2

تحفہ

صاف لفظوں میں کیا ہے، اور لنک۔

3

ایک اگلا قدم

صرف ایک: چینل فالو، ریل محفوظ، یا ایک سوال کا جواب۔

4

انسانی دروازہ

"کوئی سوال ہو تو یہیں لکھیں" — اور واقعی جواب دیں۔

پیغام کا نمونہ

"السلام علیکم! آپ کی اساتذہ والی اے آئی گائیڈ حاضر ہے:

https://urduai.org/teacher

کیا آپ چاہیں گے کہ ہم ہر ہفتے ایک نئی گائیڈ بھیجیں؟ بس "جی" لکھ دیں۔"

آخری سوال اہم ہے: جب شخص جواب دیتا ہے تو 24 گھنٹے کی گفتگو کھلتی ہے اور آپ اگلی بات جائز طریقے سے کر سکتے ہیں۔

باب 5 — جادو والا پیغام

لفظ پہچاننا اور عوامی جواب

لوگ آپ کا لفظ کبھی ویسا نہیں لکھتے جیسا آپ نے سوچا تھا۔ ایک ہی مہم پر یہ سب آ سکتا ہے:

کمنٹ	نتیجہ	کیوں
TEACHER	بھیجیں	بالکل درست
teacher please!!	بھیجیں	چھوٹے حروف اور نشانات صاف کریں
ٹیچر / استاد	بھیجیں	اردو متبادل فہرست میں رکھیں
Teacher aur Office	دونوں؟	طے کریں: پہلا لفظ یا دونوں لنک ایک پیغام میں
teachers are great	جانچیں	پورا لفظ ملائیں، حصہ نہیں
@دوست کو ٹیگ	چھوڑیں	کوئی لفظ نہیں

لفظ ملانے کا اصول

متن کو چھوٹے حروف میں بدلیں، فالتو نشانات اور ایموجی ہٹائیں، پھر پورے لفظ کو اپنی منظور شدہ فہرست سے ملائیں۔ جو فیصلہ مشکل ہو، اسے رسید میں "جانچ باقی" لکھ کر انسان پر چھوڑیں۔

عوامی جواب کو زندہ رکھیں

ایک ہی جملہ سو بار سپیم لگتا ہے۔ تین چار جملے باری باری استعمال کریں، اور انسٹاگرام پر یاد دلائیں کہ پیغام Requests میں بھی ہو سکتا ہے:

- "گائیڈ آپ کے اِن باکس میں ہے"
- "بھیج دی! ایک نظر DM پر ڈال لیں"
- "حاضر ہے — نظر نہ آئے تو Requests دیکھ لیں"

باب 5 — جادو والا پیغام

اصل لائیو پوسٹ: 470 کمنٹس



اصل تصویر 4 — ایک حقیقی پوسٹ جس پر لوگ اپنی پسند کی گائیڈ مانگ رہے ہیں

اس تصویر سے کیا سیکھیں؟

غور کریں: کوئی "Gemini prompts is required" لکھتا ہے، کوئی "Teacher aur Office lawyer"۔ یہی حقیقت ہے — لوگ جملے لکھتے ہیں، لفظ نہیں۔ اسی لیے لفظ کی پہچان لچکدار اور ایک سے زیادہ لفظوں والے کمنٹ کا اصول پہلے سے طے ہو۔

تصویر اکتوبر 2026 کی ہے؛ Meta کا انٹرفیس بدلتا رہتا ہے۔ ذاتی معلومات اور راز اصل تصویر میں چھپا دیے گئے ہیں۔

باب 6 — رسید اور ڈیش بورڈ

جو نظام نظر آئے، وہ سنبھلتا ہے

ہر مہم کی حالت ایک نظر میں دکھائیں۔ کمنٹس گِننا کامیابی نہیں؛ کامیابی وہ ہے جو اِن باکس تک پہنچی اور کھولی گئی۔

کمنٹس پڑھے	گھنٹی نے کتنے بتائے
لفظ ملے	کتنے مہم کے تھے
DM پہنچے	Meta نے کتنے قبول کیے
لنک کھلے	کتنوں نے تحفہ کھولا
جواب آئے	کتنوں سے گفتگو شروع ہوئی

روزانہ پانچ منٹ کی نظر

- کسی مہم کی گنتی اچانک صفر تو نہیں ہو گئی؟ (اکثر ٹوکن یا اجازت کا مسئلہ)
- نئی ناکامیوں کا error code کیا ہے — اجازت، حد، یا 7 دن کی کھڑکی ختم؟
- کیا کوئی کمنٹ "جانچ باقی" میں پڑا ہے جسے انسان دیکھے؟

ناکامی کی قسم	عموماً مطلب	کیا کریں
اجازت کی غلطی	ٹوکن میں اجازت نہیں یا غلط پیج	debug_token سے جانچیں
وقت ختم	کمنٹ 7 دن سے پرانا	چھوڑ دیں، رسید میں لکھیں
پہلے ہی جواب	اس کمنٹ پر نجی جواب جا چکا	رسید کی منفرد کلید جانچیں
حد سے تجاوز	بہت تیزی سے بھیجا	قطار سست کریں، بعد میں دوبارہ

لوگوں کے ڈیٹا میں احتیاط

نام اور ID ذاتی معلومات ہیں۔ ڈیش بورڈ پر پاس ورڈ لگائیں، صرف مجاز لوگوں کو دکھائیں، اور مہم ختم ہونے کے بعد غیر ضروری ڈیٹا مٹا دیں۔ ٹوکن کبھی لاگ میں نہ لکھیں۔

باب 6 — رسید اور ڈیش بورڈ

ہمارا اصل ڈیش بورڈ: DM Jadoo

یہ ہمارا اپنا ڈیش بورڈ ہے، جو ہم نے میٹا میوز (Meta Muse) میں ایک آرٹیفیکٹ (artifact) کے طور پر بنایا — یعنی میوز کے اندر چلنے والا ایک چھوٹا ویب صفحہ۔ یہ ہر 15 منٹ بعد نظام کے ریکارڈ سے گنتیاں تازہ کرتا ہے۔



DM Jadoo ڈیش بورڈ، میٹا میوز آرٹیفیکٹ — 22 اکتوبر 2026

کارڈ	کیا بتاتا ہے	کیسے پڑھیں
Total comments – 6,716	تمام مہمات کے لفظ والے کمنٹس	لوگ نہیں؛ ایک شخص کئی بار لکھ سکتا ہے
DMs delivered – 3,514	کامیاب نجی جواب: فیس بک 2,284، انسٹاگرام 1,230	یہی اصل کامیابی ہے
Response rate – 52.3%	کمنٹس میں سے کتنوں کو DM گیا	دوبارہ کمنٹس کی وجہ سے 100% نہیں ہوتا
WhatsApp users served – 1,330	بوٹ کو لکھنے والے لوگ	حد کے بعد والوں کو جواب نہیں ملا (ص 32)

میوز کے بارے میں ایک بات

میٹا کے 29 ستمبر 2026 کے اعلان میں میوز کی دستیابی امریکہ اور کینیڈا میں بتائی گئی ہے؛ پاکستان میں عام دستیابی کی تصدیق ہمارے پاس نہیں، اور عمر کی شرط کم از کم 18 سال ہے۔ میوز نہ ہو تو یہی گنتیاں ورکر کے /health صفحے پر دیکھیں (پرامپٹ 7)۔ مزید: urduai.org/muse

باب 7 — بونس: واٹس ایپ

واٹس ایپ: یہاں پہلا خط صارف لکھتا ہے

واٹس ایپ پر کمنٹ نہیں ہوتا، اس لیے یہاں الٹا راستہ ہے: آپ ویڈیو، بایو یا ویب سائٹ پر ایسا لنک دیتے ہیں جو چیٹ کھول کر لفظ پہلے سے لکھ دیتا ہے۔ شخص خود "Send" دباتا ہے، اور بوٹ اسی لمحے گائیڈ بھیج دیتا ہے۔

ویڈیو میں لنک ← چیٹ کھلی، لفظ لکھا ہوا ← صارف Send دبائے ← بوٹ گائیڈ بھیجے

01 Meta Business میں اپنا WhatsApp Business Account اور نمبر جانچیں۔ نیا بنانے سے پہلے پرانا تلاش کریں۔

02 Cloud API کے لیے webhook جوڑیں — وہی اصول: GET تصدیق، POST پر دستخط کی جانچ، فوراً 200۔

03 ہر آنے والے پیغام کی ID رسید میں رکھیں تاکہ دوبارہ آنے والے webhook پر دوسرا جواب نہ جائے۔

04 اپنے نمبر سے GUIDE لکھ کر جانچیں، پھر لنک عام کریں۔

ویڈیو میں کیا کہیں؟

"نیچے دیے لنک پر ٹیپ کریں — واٹس ایپ کھلے گا اور GUIDE7 خود لکھا ہوگا۔ بس Send دبائیں، گائیڈ چند سیکنڈ میں آپ کے پاس۔"

داخلے کے لنک — نمونے

https://wa.me/923218737322?text=GUIDE7

https://wa.me/923218737322?text=TIKTOK

https://wa.me/923218737322?text=SHORTS

باب 7 — بونس: واٹس ایپ

ایک لفظ، درست گائیڈ

مینیو میں پیشے صاف ناموں سے دکھائیں: پولیس، استاد، دفتر، انگلش، وکیل، صحافی، این جی او — اور ساتھ کورس، جیمینائی اور پرامپٹ۔ صارف بٹن دبائے یا لفظ لکھے، اسی گائیڈ کا لنک جائے۔

GUIDE / START	مینیو
TEACHER	اساتذہ کی گائیڈ
POLICE	پولیس کی گائیڈ
GEMINI	جیمینائی اردو گائیڈ
ALL	تمام لنکس
HELP	انسانی مدد، بوٹ وقفہ

غیر متوقع پیغام

لفظ نہ ملے، تصویر آئے یا وائس نوٹ — تو وہی سادہ مینیو دکھائیں۔ ردعمل (reaction) پر خاموش رہیں۔ HELP پر ٹیم کے اوقات بتائیں اور اس شخص کے لیے بوٹ عارضی طور پر روک دیں۔

لوگ ساتھ کیسے رہیں؟

تحفے کے اسی پیغام کے آخر میں ایک نرم دعوت: "مزید مفت گائیڈز کے لیے ہمارا واٹس ایپ چینل فالو کریں:"

https://whatsapp.com/channel/0029VaXXgd00AgW6jAZGw83j

الگ تشہیری پیغام نہ بھیجیں؛ چینل فالو کرنا صارف کی اپنی مرضی ہے۔

صارف کا پیغام 24 گھنٹے کی خدمت والی کھڑکی کھولتا ہے، اور اس میں آپ کے جواب "خدمت کے پیغامات" ہیں: ہر نمبر کو مہینے میں 1,000 مفت۔ کھڑکی کے بعد صرف ٹیمپلیٹ جا سکتا ہے، جو مفت نہیں۔ 1,000 کے بعد ہمارے ساتھ کیا ہوا — صفحہ 32۔

باب 8 – مفت کی حدیں

مفت کی حدیں: پورا حساب

ہمارا پورا نظام مفت درجوں پر چلتا ہے۔ یہ رہیں ہر سروس کی مفت حدیں – اکتوبر 2026 میں آفیشل صفحات سے لی گئی:

سروس	مفت حد	ہمارے لیے مطلب
Metaپیغامات	Messenger اور انسٹاگرام پیغامات مفت	فیس بک اور انسٹاگرام پر DM کا کوئی بل نہیں
نجی جواب	750 فی گھنٹہ، ہر اکاؤنٹ	گھنٹے میں زیادہ کمنٹس ہوں تو باقی اگلے گھنٹے
Send API	300 فی سیکنڈ؛ 24 گھنٹوں میں 200 × فعال صارفین	عام مہم میں یہاں تک کبھی نہیں پہنچیں گے
Cloudflare Workers	100,000 درخواستیں روزانہ؛ 10ms CPU؛ 5 cron	3,500 کمنٹس ≈ 7,000 درخواستیں – حد کا 7٪
D1 ڈیٹابیس	5 ملین پڑھنا، 100,000 لکھنا روزانہ؛ 5GB	رسید اور گنتی یہیں رکھیں
KV	100,000 پڑھنا، صرف 1,000 لکھنا روزانہ	صرف مہم کی ترتیب – رسید کبھی نہیں
Queues	10,000 آپریشن روزانہ؛ ہر پیغام ≈ 3	تقریباً 3,000 کمنٹس روزانہ؛ زیادہ ہوں تو D1 میں قطار
واٹس ایپ جوابات	ہر نمبر: 1,000 خدمت کے پیغامات ماہانہ	یہی ہمارے بوٹ کے جواب ہیں – گنتی رکھیں
واٹس ایپ روزانہ حد	250 سے لامحدود لوگ فی 24 گھنٹے	ہم پر لاگو نہیں – صرف پہلے پیغام بھیجنے پر
ایپ، App Review تصدیق	مفت	صرف وقت لگتا ہے
میٹا میوز	اپنے اکاؤنٹ کی حد	راستہ 1 میں استعمال کی حد اور قیمت اپنے اکاؤنٹ میں دیکھیں

حد ختم ہو جائے تو کیا ہوتا ہے؟

- **Cloudflare Workers:** غلطی 1027 دیتا ہے۔ Meta گھنٹی دوبارہ بجاتا ہے، اور اگلے دن کی polling چھوٹے کمنٹس پکڑ لیتی ہے – 7 دن کی کھڑکی کے اندر کچھ ضائع نہیں۔
- **D1:** باقی دن کے لیے لکھنا رک جاتا ہے – صبح 5 بجے (پاکستان) دوبارہ چالو۔
- **واٹس ایپ:** مہینے کے باقی دنوں میں جواب نہیں پہنچیں گے – جب تک آپ ادائیگی کا طریقہ نہ جوڑیں۔

Cloudflare کی روزانہ حدیں رات 12 بجے UTC – یعنی پاکستان میں صبح 5 بجے – نئی ہوتی ہیں۔ واٹس ایپ کی ماہانہ گنتی ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو صفر ہوتی ہے۔

باب 8 – مفت کی حدیں

واٹس ایپ کی دو حدیں — فرق سمجھیں

واٹس ایپ کی بات کرتے ہوئے لوگ دو بالکل الگ حدوں کو ملا دیتے ہیں۔ ہمارا بوٹ صرف جواب دیتا ہے — پہلا پیغام ہمیشہ صارف بھیجتا ہے — اس لیے ایک حد ہم پر لاگو ہے، دوسری نہیں:

روزانہ کی حد (Messaging limit)

ہم پر لاگو نہیں

- کتنے لوگوں کو آپ 24 گھنٹوں میں پہلے پیغام بھیج سکتے ہیں
- صرف 24 گھنٹے کی کھڑکی سے باہر بھیجے گئے ٹیمپلیٹ پر
- نیا اکاؤنٹ 250 سے شروع؛ پھر 2,000، 10,000، 100,000، لامحدود
- ہمارا بوٹ کسی کو خود پیغام نہیں بھیجتا — اس لیے یہ حد ہمیں نہیں روکتی

ماہانہ مفت درجہ (Free tier)

ہم پر لاگو ہے

- کھڑکی کے اندر آپ کے جواب "خدمت کے پیغامات" ہیں
- 1 اکتوبر 2026 سے: ہر نمبر کو مہینے میں 1,000 مفت
- ادائیگی کا طریقہ نہ ہو تو 1,000 کے بعد Meta جواب پہنچانا بند کر دیتا ہے
- صارف کے پیغامات آپ تک پہنچنے کا کوئی خرچ نہیں

3,500 کمنٹس کا اصل حساب

- **Workers: 3,500** کمنٹ کی گھنٹیاں + 3,500 آپ کے عوامی جوابوں کی گھنٹیاں ≈ 7,000 — حد 100,000۔
- **D1:** ہر کمنٹ پر دو قطاریں لکھیں تو ≈ 7,000 — حد 100,000۔
- **نجی جواب:** اگر پہلے گھنٹے میں 1,500 کمنٹس آئیں تو 750 فوراً، باقی اگلے گھنٹے — سب 7 دن کے اندر۔
- **واٹس ایپ:** ایک شخص = ایک جواب رکھیں تو 1,000 لوگ ماہانہ مفت۔ مینیو اور لنک الگ بھیجیں تو صرف 500۔

باب 8 – مفت کی حدیں

ہمارے ساتھ یہی ہوا: 1,000 کے بعد خاموشی



اصل ای میل – WhatsApp Business Platform، اکتوبر 2026

یہ فرضی مثال نہیں۔ ہمارے واٹس ایپ بوٹ نے تقریباً 995 لوگوں کو گائیڈ بھیجی – اور پھر Meta کی یہ ای میل آئی کہ پیغامات نہیں پہنچ رہے۔ وجہ: اکاؤنٹ پر ادائیگی کا طریقہ نہیں تھا، اور مہینے کے 1,000 مفت جواب پورے ہو چکے تھے۔ بعد میں لکھنے والوں کو (ڈیش بورڈ پر کل 1,330) جواب نہیں پہنچا۔

995 لوگ ≠ 995 جواب

Meta لوگ نہیں، جواب گنتا ہے۔ مینیو ایک جواب، گائیڈ کا لنک دوسرا، "شکریہ" کا جواب تیسرا۔ اس لیے لوگ 1,000 سے کم ہوں تب بھی جواب 1,000 سے آگے جا سکتے ہیں – اور "کتنے لوگوں کو گائیڈ ملی" سے یہ پتا نہیں چلتا کہ اس مہینے کتنے جواب گئے۔

اب کیا کریں – اور خرچ صفر رکھیں

01 ای میل کا بٹن نہ دبائیں؛ خود business.facebook.com کھول کر Billing دیکھیں – جعلی ای میلز بھی ایسی ہی لگتی ہیں۔

02 پہلے WhatsApp Manager میں اس مہینے کے اصل خدمت پیغامات کی گنتی دیکھیں – اندازے پر نہ چلیں۔

03 ادائیگی جوڑنے سے پہلے ورکر میں سخت ماہانہ حد لگائیں (مثلاً 950) – حد پر بوٹ خود جواب روک دے۔

04 پھر ادائیگی کا طریقہ جوڑیں: ہر مہینے پہلے 1,000 خدمت جواب $0، اور 1,001 ویں سے چارج۔ ٹیمپلیٹ کا خرچ الگ ہے۔ آخر میں اپنے نمبر سے ایک آزمائشی پیغام۔

یاد رکھیں: ادائیگی جوڑنا خود صفر بل کی ضمانت نہیں – اسی لیے حد پہلے لگائیں۔ ماخذ: whatsappbusiness.com/resources/faq/

باب 8 – مفت کی حدیں

مفت میں رہنے کے سات اصول

01 رسید اور گنتی D1 میں رکھیں، KV میں نہیں — KV مفت میں روزانہ صرف 1,000 بار لکھنے دیتا ہے۔

02 واٹس ایپ پر مینیو اور لنک **ایک ہی** پیغام میں بھیجیں — ہر الگ پیغام مفت گنتی سے ایک کم کرتا ہے۔

03 واٹس ایپ پر ٹیمپلیٹ کبھی نہ بھیجیں — صرف صارف کے پیغام کا جواب، 24 گھنٹے کے اندر۔

04 ردعمل (reaction)، "ٹھیک ہے" اور "شکریہ" پر بوٹ خاموش رہے — ہر غیر ضروری جواب گنتی کھاتا ہے۔

05 ماہانہ گنتی رکھیں: 900 پر خبر، 950 پر بوٹ خود رک جائے۔ گنتی جوابوں کی ہو، لوگوں کی نہیں (صفحہ 32)۔

06 polling ہر گھنٹے، ہر منٹ نہیں — مفت میں صرف 5 cron ملتے ہیں اور ہر چلنا درخواست گنتا ہے۔

07 نجی جواب کی قطار: گھنٹے میں 750 سے زیادہ ہوں تو باقی D1 میں رکھیں اور اگلے گھنٹے بھیجیں۔

کیا واقعی سب مفت ہے؟

چلانا — ہاں: فیس بک، انسٹاگرام اور Cloudflare پر اوپر کی حدوں تک صفر خرچ۔ واٹس ایپ پر ہر نمبر کے 1,000 ماہانہ جواب مفت — مگر ادائیگی جوڑیں تو 1,001 ویں سے بل، اس لیے ورکر میں سخت حد ضروری ہے۔ بنانا — اے آئی ایجنٹ کا مفت درجہ کافی ہو سکتا ہے، ورنہ ایک مہینے کی سبسکرپشن؛ اپنا ڈومین چاہیں تو اس کا خرچ الگ۔ اگر آپ کا ادارہ اہل حکومتی یا غیر منافع بخش ہے تو Meta 31 دسمبر 2027 تک واٹس ایپ جواب 1,000 سے آگے بھی مفت رکھتا ہے — اہلیت Meta سے معلوم کریں۔

حدوں کے آفیشل صفحات

developers.cloudflare.com/workers/platform/limits/
developers.cloudflare.com/d1/platform/pricing/
developers.facebook.com/docs/messenger-platform/overview/rate-limiting
developers.facebook.com/docs/whatsapp/pricing/
developers.facebook.com/docs/whatsapp/messaging-limits/

باب 9 — ایجنٹ پرامپٹس

ایجنٹ سے پورا نظام بنوائیں

Codex، Claude Code یا Cursor جیسے اے آئی ایجنٹ صرف جواب نہیں دیتے — یہ آپ کے کمپیوٹر پر فائلیں بناتے، کمانڈ چلاتے اور جانچتے ہیں۔ اگلے صفحات پر آٹھ پرامپٹ ہیں؛ انہیں اسی ترتیب سے، ایک وقت میں ایک، دیں۔

01 بنیاد Cloudflare ورکر، D1، گھنٹی کی تصدیق	**02** فیس بک کمنٹ ← لفظ ← نجی جواب ← عوامی جواب
03 انسٹاگرام وہی بہاؤ، 750 فی گھنٹہ کی قطار	**04** لائیو کریں deploy اور Meta میں گھنٹی جوڑنا
05 نئی مہم لفظ، تحفہ اور آخری تاریخ	**06** واٹس ایپ مینیو، لفظ، HELP اور ماہانہ گنتی
07 مفت حد کا پہرہ گنتیاں اور 80٪ پر خبر	**08** مسئلہ حل لاگ پڑھو، وجہ بتاؤ، ایک قدم

ایجنٹ کے ساتھ چار اصول

- راز آپ خود ڈالیں: ایجنٹ کمانڈ بتائے (wrangler secret put PAGE_TOKEN)، قیمت آپ ٹائپ کریں۔ ٹوکن چیٹ میں کبھی نہیں۔
- لاگ اِن، تصدیق اور Meta ڈیش بورڈ کا ہر کلک آپ خود کریں۔
- ہر deploy سے پہلے منصوبہ مانگیں، اور ہر کامیاب قدم کے بعد git commit — واپسی کا راستہ۔
- جانچ صرف اپنی پوسٹ، اپنے آزمائشی اکاؤنٹ اور اپنے نمبر سے۔

باب 9 – ایجنٹ پرامپٹس

پرامپٹ 1 اور 2: بنیاد اور فیس بک

ہر نئی گفتگو کے شروع میں یہ سیاق دیں

Context: I am building a free-plan comment-to-DM system for my own Facebook Page, Instagram professional account and WhatsApp number, on Cloudflare Workers + D1. Meta rules: one private reply per comment, only within 7 days; follow-ups only inside 24h after the person replies; Instagram/Page private replies max 750 per hour per account. WhatsApp: we only reply to users who message first (so business-initiated daily limits do not apply), but service replies are free only up to 1,000 per number per month – enforce a hard monthly cap in the Worker. Never ask for or print my tokens or passwords – I enter secrets and do every sign-in myself. Ask before deploying or changing any Meta setting.

01 بنیاد Cloudflare ورکر، D1 اور گھنٹی

Create a TypeScript Cloudflare Worker with wrangler on the Workers FREE plan, plus a D1 database for receipts and counters (not KV – KV free allows only 1,000 writes/day). One route: /webhook. GET returns hub.challenge when hub.verify_token matches the VERIFY_TOKEN secret. POST verifies X-Hub-Signature-256 with APP_SECRET, returns 200 immediately and processes in ctx.waitUntil. Read secrets only from env and give me the exact wrangler secret put commands so I type the values myself. Add unit tests for the signature check and run them. Do not deploy yet – show me the file tree and test results.

02 فیس بک کمنٹ سے اِن باکس تک

Add the Facebook Page flow. Handle feed events where item=comment and verb=add; skip comments whose from.id is my Page. Normalize text (lowercase, trim, strip punctuation and emoji) and match whole words against campaigns.json (keyword, accepted variants in English / Roman Urdu / Urdu, gift message, 3 public-reply variants, end date). Before sending, check D1 and skip if this comment_id or this sender already got this campaign's gift, or the comment is older than 7 days. Send the private reply first: POST /{PAGE_ID}/messages with recipient.comment_id. Only if it succeeds, reply publicly on /{COMMENT_ID}/comments with a rotating variant. Log IDs, keyword, time, result and error code – never tokens. Retry network/5xx errors up to 3 times; never retry permission, expired-window or already-replied errors. Write tests using sample webhook payloads.

باب 9 — ایجنٹ پرامپٹس

پرامپٹ 3 تا 5: انسٹاگرام، لائیو، نئی مہم

03 انسٹاگرام

وہی بہاؤ، اپنی حد کے ساتھ

Add the Instagram flow using the Instagram API with Instagram Login (graph.instagram.com) and the comments webhook field. Reuse the same matching, D1 checks and logging. Private reply: POST /{IG_ID}/messages with recipient.comment_id. Public reply: POST /{IG_COMMENT_ID}/replies, and say the DM may be in Requests. Respect 750 private replies per hour per account: in a burst, store the rest in a D1 queue and send them from an hourly cron, still within 7 days. Tests first.

04 لائیو کریں

deploy اور Meta سے جوڑنا

Show me the plan, then run wrangler deploy to workers.dev. Guide me click by click — I do every click and sign-in — to paste the callback URL and verify token into my Meta app's Webhooks settings, subscribe the Page to feed and Instagram to comments, and confirm my Page's subscribed_apps. Then wait while I post one test comment from my test account, and show me the Worker log and the D1 receipt for it.

05 نئی مہم

ہر نئی پوسٹ کے لیے

Add a campaign: post <link>, keyword <WORD>, variants <list>, gift <link>, ends <date>. Check that the gift link opens on mobile without a login. Keep it in 'testing' until my test comment succeeds, then set it to 'live' and show me the receipt.

باب 9 — ایجنٹ پرامپٹس

پرامپٹ 6 تا 8: واٹس ایپ، پہرہ، مسئلہ حل

06 واٹس ایپ صرف جواب — مفت گنتی کے اندر

Add the WhatsApp Cloud API flow on my existing app, WABA and registered number, via the messages field; ignore statuses and reactions. GUIDE/START → one interactive list menu; each profession keyword → that guide link; ALL → all links; campaign keywords (e.g. GUIDE7) → the gift and the channel link in the SAME message; HELP → pause the bot for that number and log a handoff. Dedupe on message ID. Reply only to user-initiated messages inside the 24-hour window and never send templates. Count every service reply sent per calendar month in D1 (replies, not people). Warn me at 900 and HARD-STOP all replies at a cap I set (default 950) – the free tier is 1,000 per number per month, and after that Meta either stops delivering (no payment method) or charges from the 1,001st reply. Test only with my own number.

07 مفت حد کا پہرہ گنتیاں اور خبر

Add a usage guard for the free plans: Worker requests today, D1 rows written today, private replies in the last hour per account, WhatsApp service messages this month. Store counters in D1, show them on a /health page protected by a secret header, and flag anything above 80% of its limit. Also add GET /stats for the Muse dashboard: JSON counts only (total_comments, dms_facebook, dms_instagram, public_replies, active_campaigns, whatsapp_replies_month, whatsapp_people, last_updated), protected by an X-Stats-Key header checked against a STATS_KEY secret – no tokens, names or phone numbers. Use at most 2 of the 5 free cron triggers.

08 مسئلہ حل پہلے سمجھو، پھر بدلو

Something is not working. Read the last 50 Worker logs and D1 receipts, group failures by Meta error code, explain each in simple Urdu, and give me the single next step. Use debug_token to check the token's app, Page and permissions without printing the token. Change no code or settings until I approve.

باب 10 — لانچ

دس غلطیاں جو ہم نے کیں — آپ نہ کریں

01 ایک نام کے دو پیج کو ایک سمجھ لینا
حل: ہر جگہ Page ID ملائیں

02 غلط پورٹ فولیو میں اجازت ڈھونڈنا
حل: پہلے پیج کا مالک پورٹ فولیو دیکھیں

03 ذاتی ٹوکن کو مستقل چابی سمجھنا
حل: سسٹم یوزر کا ٹوکن

04 انسٹاگرام پر کمنٹس کی اجازت بھولنا
حل: پیغام اور کمنٹس، دونوں اجازتیں

05 ٹوکن کی میعاد بھول جانا
حل: انسٹاگرام ٹوکن (60 دن) سے 7 دن پہلے یاددہانی

06 اپنے ہی عوامی جواب پر بوٹ کا جواب
حل: اپنے پیج کے کمنٹ چھوڑ دیں

07 ایک شخص کو بار بار تحفہ
حل: کمنٹ ID اور شخص کی رسید

08 DM ناکام، مگر عوامی جواب "بھیج دیا"
حل: پہلے نتیجہ، پھر عوامی جواب

09 7 دن پرانے کمنٹ پر کوشش
حل: مہم کی آخری تاریخ رکھیں

10 راز کو لاگ یا پرامپٹ میں ڈالنا
حل: صرف Secrets؛ لیک ہو تو منسوخ

بچنے کا ایک سادہ طریقہ

ہر نئی مہم: پہلے ایک آزمائشی کمنٹ ← پھر رسید دیکھیں ← پھر چالو۔ مسئلہ آئے تو اندازہ نہ لگائیں، Meta کا اصل error code پڑھیں — جواب عموماً وہیں لکھا ہوتا ہے۔

باب 10 — لانچ

لانچ سے پہلے آخری چیک لسٹ

- ☐ تحفے کا ہر لنک فون پر کھولا — لاگ اِن کے بغیر کھلتا ہے
- ☐ Page ID اور انسٹاگرام ID ہر جگہ ایک جیسی ہیں
- ☐ انسٹاگرام ٹوکن کی تجدید کی یاددہانی لگی ہے (60 دن)
- ☐ webhook دستخط کی جانچ کرتا ہے اور فوراً 200 دیتا ہے
- ☐ اپنے پیج کے کمنٹس نظر انداز ہو رہے ہیں
- ☐ آزمائشی کمنٹ ← ایک DM ← ایک عوامی جواب ← ایک رسید
- ☐ دوبارہ کمنٹ پر دوسرا تحفہ نہیں گیا
- ☐ ٹوکن صرف Secrets میں؛ لاگ اور اسکرین شاٹس صاف
- ☐ عوامی جواب کے تین جملے تیار، Requests کی یاددہانی شامل
- ☐ مفت حد کا پہرہ (پرامپٹ 7) چالو، واٹس ایپ گنتی 900 پر خبر دیتی ہے
- ☐ Meta کی تازہ پالیسی اور قیمت دوبارہ دیکھ لی

آفیشل مراجع

developers.facebook.com/docs/messenger-platform/discovery/private-replies/
developers.facebook.com/docs/instagram-platform/private-replies/
developers.facebook.com/docs/whatsapp/cloud-api/overview/
business.whatsapp.com/products/platform-pricing/

آگے کیا؟

مزید مفت اردو اے آئی گائیڈز، نئی مہمات کے نمونے اور اپ ڈیٹس کے لیے urduai.org اور ہمارا واٹس ایپ چینل دیکھتے رہیں۔ Meta کے اصول بدلیں گے تو یہ گائیڈ بھی بدلے گی۔

ایک پوسٹ، ایک لفظ، ایک تحفہ۔

پہلے اسے بے عیب چلائیں — پھر ڈاک خانہ بڑھائیں۔